# سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا
# جدول



**24 اگست، 2023**

# سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

**(1):** مختلف موضوعات پر مختصر بیان:5منٹ **(2):** دُعایاد کرنا:5منٹ **(3):** جائزہ:5منٹ۔ **کُل دورانیہ:15منٹ**

آج سیکھنے سکھانے کے **حلقوں** میں **داڑھی منڈانا** کے موضوع پر مفید ترین مَعْلُومات دی جائیں گی اور **نیند سے بیدار ہوتے وقت کی دعا** یاد کروائی جائے گی۔ دعا یاد کروانے کے بعد **نیک اعمال** کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم: تم اپنی مجلسوں کو مجھ پر دُرودِ پاک پڑھ کر آراستہ کرو، بے شک تمہارا مجھ پر درود پڑھنا قیامت کے روز تمہارے لیے نُور ہو گا۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## داڑھی منڈانا

### داڑھی کسے کہتے ہیں؟

کنپٹیوں، جبڑوں اور ٹھوڑی پر اگنے والے بالوں کو **داڑھی** کہتے ہیں۔[2]

**وضاحت:** ❁ کان اور آنکھ کے درمیانی جگہ انگلی سے ٹٹولیں تو ایک اُبھری ہوئی ہڈی محسوس ہو گی، اسے کنپٹی کہتے ہیں، اس سے اُوپَر کے حِصّے کو عموماً قلم کہا جاتا ہے، کنپٹی کے نیچے جبڑے کی ہڈی ہے، جس کے اُوپَر کی جانِب مُنہ کے اندر دانت اگتے ہیں، اسی ہڈی کا وہ حِصّہ جو ہونٹوں کے نیچے واقع ہے، اسے ٹھوڑی کہا جاتا ہے۔ ان تینوں ہڈیوں پر جو بال اُگتے ہیں، وہ داڑھی ہیں۔ ❁ نیچے کے ہونٹ اور ٹھوڑی کے درمیان کچھ بال ہوتے ہیں، انہیں عربی میں عَنْفَقَه اور اُردو میں بُچّی کہا جاتا ہے، یہ بھی داڑھی میں داخِل ہیں۔ ❁ بعض لوگوں کے کانوں پر رونگٹے ہوتے ہیں، یونہی گالوں پر باریک باریک بال کسی کے کم اور

1... مسند الفردوس، جلد:2، صفحہ:291، حدیث:3330۔
2... فتاوٰی رضویہ، جلد:22، صفحہ:596 ملخصاً۔

کسی کے آنکھوں تک نکلتے ہیں، یہ داڑھی میں شامِل نہیں۔[1] ایسے ہی ٹھوڑی کے نیچے گلے پر بال اُگتے ہیں، وہ بھی داڑھی کا حِصّہ نہیں ہیں۔[2]

## داڑھی منڈانے کے مختلف احکام

(1): داڑھی مُنڈانا یا ایک مٹھی سے کم کروانا ناجائز و حرام[3] اور جہنّم میں لے جانے والا کام ہے۔

(2): فتاویٰ رضویہ میں ہے: داڑھی (یعنی چہرے کے دائرے سے باہَر لٹکے ہوئے بال) کم از کم چار انگل ہونا واجِب ہے، اس سے کم رکھنا جائِز نہیں، حرام ہونے میں یہ بھی مُنڈانے (یعنی بالکل صاف کروادینے) ہی کی طرح ہے۔ اگرچہ مُنڈانا خبیث تَر (یعنی زیادہ بُرا) ہے۔[4] (3): بُچّی کے بال بھی داڑھی میں شامِل ہیں، ان کو کاٹنا بھی جائِز نہیں۔[5] جو شخص بُچّی کے بال منڈاتا مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ اس کی گواہی قبول نہیں فرماتے تھے۔[6] (4): بُچّی کے بال اتنے لمبے ہو جائیں کہ کچھ کھاتے پیتے مُنہ میں آئیں تو اب انہیں قینچی سے کتروانا (یعنی تھوڑا چھوٹا کروالینا) جائز ہے۔[7] (5): حدّ شرع (یعنی ایک مٹھی) سے زیادہ اتنی لمبی داڑھی رکھنا کہ چہرہ بد نُما لگے، خِلافِ سُنّت و مکروہ ہے۔[8] (6): داڑھی مُنڈانے یا خشخشی (یعنی ایک مٹھی سے کم رکھنے) والے کے پیچھے نماز مکروہِ تحریمی ہے، یعنی پڑھنا گُناہ اور پڑھ لی تو اسے دہرانا واجب ہے۔[9] (7): داڑھی کی توہین کرنا یا اس کا مذاق اُڑانا کفر ہے۔[10] (8): مونچھیں اتنی بڑھانا کہ مُنہ میں آئیں

1. ...فتاوی رضویہ، جلد:22، صفحہ:596 ملخصاً۔
2. ...وقار الفتاویٰ، جلد:1، صفحہ:142 ماخوذاً۔
3. ...بہار شریعت، جلد:3، صفحہ:585، حصہ:16۔
4. ...فتاویٰ رضویہ، جلد:22، صفحہ:689 بتغیر قلیل۔
5. ...فتاویٰ رضویہ، جلد:22، صفحہ:598 ملخصاً۔
6. ...فتاویٰ رضویہ، جلد:22 صفحہ:597 بتغیر قلیل۔
7. ...فتاویٰ رضویہ، جلد:22، صفحہ:599 ملخصاً۔
8. ...فتاویٰ رضویہ، جلد:22، صفحہ:581 ملخصاً۔
9. ...فتاویٰ رضویہ، جلد:22، صفحہ:544۔
10. ...فتاویٰ رضویہ، جلد:22، صفحہ:574 بتغیر قلیل۔

حرام و گُناہ اور غیر مسلموں کا طریقہ ہے۔[1] ہمیں حدیثِ پاک میں حکم دیا گیا ہے کہ داڑھی بڑھاؤ، مونچھیں کم کرو![2] (9): داڑھی مونڈنے کی اجرت لینا بھی حرام ہے۔[3]

## داڑھی مُنڈانا کیوں حرام ہے؟

(1): پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے داڑھی بڑھانے کا وُجُوبی حکم دیا ہے اور جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ایسے حکم کی خِلاف ورزی کرے، اس کے متعلق اللہ پاک فرماتا ہے:

| | |
|---|---|
| وَ مَنْ یُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَ یَتَّبِـعْ غَیْرَ سَبِیْلِ الْمُؤْمِنِیْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَ نُصْلِهٖ جَهَنَّمَؕ-وَ سَآءَتْ مَصِیْرًا۠(۱۱۵) (پارہ:5، سورۃ النساء، 115) | ترجمہ کنزالعرفان: اور جو اس کے بعد کہ اس کے لئے ہدایت بالکل واضح ہو چکی رسول کی مخالفت کرے اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راہ چلے تو ہم اسے ادھر ہی پھیر دیں گے جدھر وہ پھرتا ہے اور اسے جہنم میں داخل کریں گے اور وہ کتنی بری لوٹنے کی جگہ ہے۔ |

(2): داڑھی مُنڈانا مُثلہ یعنی صورت بگاڑنا ہے اور مُثلہ حرام ہے۔[4] قرآنِ کریم میں ہے:

| | |
|---|---|
| وَ لَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَیُغَیِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِؕ (پارہ:5، سورۃ النساء، 119) | ترجمہ کنزالعرفان: اور میں انہیں ضرور حکم دوں گا تو یہ اللہ کی پیدا کی ہوئی چیزیں بدل دیں گے۔ |

یعنی شیطان کو جب مردُود کرکے نِکالا گیا تو اس نے کہا: (اے اللہ پاک!) میں ضرور تیرے بندوں کو بہکاؤں گا اور انہیں حکم دُوں گا تو وہ اللہ پاک کی بنائی ہوئی چیزیں بگاڑ دیں گے۔[5]

یقیناً داڑھی مُنڈانا بھی تَغْیِیْرِ خَلْق (یعنی اللہ پاک کی بنائی چیز بگاڑنا) ہے، لہٰذا داڑھی مُنڈانے والے

1 ... فتاویٰ رضویہ، جلد:22، صفحہ:684 بتغیر قلیل۔
2 ... مسلم، کتاب الطہارۃ، باب خصال الفطرۃ، صفحہ:115، حدیث:259۔
3 ... وقار الفتاویٰ، جلد:1، صفحہ:259۔
4 ... فتاویٰ رضویہ، جلد:22، صفحہ:657۔
5 ... تفسیر نعیمی، پارہ5، سورۃ النساء، تحت الآیۃ:119، جلد:5، صفحہ:498 ملخصاً۔

شیطان کے پیروکار اور اللہ ورسول کے نافرمان ہیں۔[1] حدیثِ پاک میں ہے: جو کسی جاندار کا مُثلہ کرے (یعنی صُورت بگاڑے) اس پر اللہ پاک، اس کے فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔[2] ایک حدیث شریف میں فرمایا: جو بالوں کے ساتھ مُثلہ کرے (مثلاً: داڑھی مُنڈا کر صُورت بگاڑے)، اللہ پاک کے یہاں اس کا کچھ حِصّہ نہیں۔[3] **(3):** داڑھی مُنڈانے میں عورتوں کے ساتھ مُشابہت ہے[4] اور پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے عورتوں کی مشابہت اپنانے والے مردوں پر لعنت فرمائی ہے۔[5] **(4):** داڑھی مُنڈانا غیر مسلموں کا طریقہ ہے اور حدیثِ پاک میں ہے: **مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ** جو جس قوم سے مُشابہت رکھے اُنہیں میں شُمار ہوتا ہے۔[6]

## ایک عبرتناک واقعہ

ایک مرتبہ ایران کے دو غیر مسلم پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خِدمت میں حاضِر ہوئے، انہوں نے داڑھیاں مُنڈوائیں اور مونچھیں بڑھائی ہوئی تھیں، رسولِ ذیشان، مکی مدنی سلطان صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان کی طرف دیکھنا بھی پسند نہ کیا اور فرمایا: تمہارے لئے خرابی ہو، تمہیں کس نے اس بات (یعنی داڑھی مُنڈانے اور مونچھیں بڑھانے) کا حکم دیا ہے، مجھے تو میرے رَبِّ کریم نے حکم دیا کہ داڑھی بڑھاؤں، مونچھیں چھوٹی کروں۔[7]

**فرمانِ اعلیٰ حضرت کا خُلاصہ:** مسلمان اس حدیث کو یاد رکھیں اور غور کریں کہ یہ دونوں اِیرانی غیر مسلم تھے، نہ انہوں نے اسلام قبول کیا تھا نہ اسلامی اَحکام جانتے تھے، اس کے باوُجود حُضُورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

---

1 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 22، صفحہ: 635 ملخصاً۔
2 ... جامع صغیر، صفحہ: 543، حدیث: 9043۔
3 ... معجم کبیر، جلد: 5، صفحہ: 250، حدیث 10815۔
4 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 22، صفحہ: 664 ملخصاً۔
5 ... بخاری، کتاب اللباس، باب المُتَشَبِّهُوْنَ بِالنِّسَاءِ وَالمُتَشَبِّهَاتُ بِالرِّجَالِ، صفحہ: 1479، حدیث: 5885۔
6 ... ابو دود، کتاب اللباس، باب فی لبس الشھرۃ، صفحہ: 635، حدیث: 4031۔
7 ... تاریخ الخمیس، الرکن الثالث، الموطن السابع، کتاب النبی الی کسری، جلد: 2، صفحہ: 395۔

نے ان کی صُورت دیکھنا پسند نہ فرمایا تو جو مسلمان ہیں، اسلامی احکام جانتے ہیں، اس کے باوُجُود پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی نافرمانی کرتے اور غیر مسلموں کے پیچھے چل کر ایسی گندی صُورت بناتے ہیں، اُن سے آپ صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کیسی بیزاری فرمائیں گے؟ آدمی جس حال پر مرتا ہے، اسی حال پر اُٹھتا ہے، اگر روزِ قیامت رسولِ اکرم، نورِ مجسم صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے یہ غیر مسلموں والی صُورت دیکھنا بھی پسند نہ فرمایا تو یقین مانیئے! کہیں کے نہ رہیں گے، مسلمان کی پناہ، امان، نجات جو کچھ ہے جانِ رحمت صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی نظرِ رحمت میں ہے۔ اللہ پاک کی پناہ اس بری گھڑی سے کہ وہ ہماری صُورت دیکھنا بھی پسند نہ فرمائیں۔[1]

## داڑھی منڈانے کے گُناہ میں مبتلا ہونے کے بعض اسباب

(1): دِینی معلومات کی کمی (بعض نادان عِلْمِ دِین کی کمی کے سبب داڑھی کٹوانے یعنی ایک مٹھی سے کم کروانے کے گُناہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں، یونہی بعض کہتے ہیں: مجھے والِدَین داڑھی رکھنے کی اجازت نہیں دیتے۔ یہ بھی دِینی معلومات کی کمی ہی ہے کیونکہ قرآن وحدیث میں صاف صاف بتادیا گیا ہے کہ اللہ ورسول کی نافرمانی میں کسی کی یہاں تک کہ والدَین کی بات ماننا بھی جائز نہیں) (2): فیشن پرستی (3): بری صحبت (4): فضول بہانے (مثلاً: ❋.. میں داڑھی کے تقاضے پُورے نہیں کر پاتا ❋.. ابھی میری اتنی عمر نہیں ہوئی ❋.. داڑھی رکھ لی تو رِشتہ نہیں ملے گا ❋.. آج کل داڑھی والے کو نوکری نہیں دیتے ❋.. شادِی کے بعد رکھ لُوں گا وغیرہ)۔

## داڑھی منڈانے کے گُناہ سے بچنے کے لئے

❁ دُرُست اور معتبر ذرائع سے، مستند اور عاشقانِ رسول عُلَمائے کرام سے عِلْمِ دِین سیکھئے! ❁ سُنتوں سے رِشتہ جوڑیئے اور ہر وہ فیشن جو شرعاً ناجائز ہو، اس سے بچتے ہی رہئے کہ قبر و آخرت میں فیشن نہیں بلکہ سُنّتوں پر عمل کام آئے گا ❁ دِل میں خوفِ خُدا و عشقِ مصطفےٰ بڑھایئے! ❁ فُضُول حیلے بہانوں سے بچئے کہ زبان کی تیزی اور یہ حیلے آج لوگوں کو چُپ تو کرواسکتے ہیں، مگر قبر و آخرت کے عذاب سے بچا نہیں

---

1... فتاویٰ رضویہ، جلد:22، صفحہ:648 ملخصاً۔

پائیں گے۔ **واقعہ:** ایک مرتبہ کوئٹہ کے قریبی گاؤں میں کسی کلین شیو نوجوان کی لاوارث لاش ملی، ضروری کاروائی کے بعد لوگوں نے مِل جُل کر اسے دفنا دیا، اتنے میں مرحوم کے وُرثاڈھونڈتے ہوئے آپہنچے، انہوں نے چاہا کہ اپنے عزیز کی قبر اپنے گاؤں ہی میں بنائیں، چنانچہ قبر سے مٹی کھود کر ہٹادی گئی، جب چہرے کی طرف سے پتھر کی سِل ہٹائی تو یہ دیکھ کر لوگوں کی چیخیں نکل گئیں کہ ابھی جس داڑھی مُنڈے کو دفن کیا تھا، اس کے چہرے پر کالی داڑھی بنی ہوئی تھی اور وہ داڑھی کالے بالوں کی نہیں بلکہ کالے بچھوؤں کی تھی۔[1]

**نوٹ:** داڑھی، جسم کے دیگر بالوں اور زینت وغیرہ کے تفصیلی احکام جاننے کے لئے ❋.. مکتبۃ المدینہ کی کتاب **بہار شریعت**، جلد:3، حصہ :16 ، صفحہ:579 سے 589، ❋.. **زینت کے شرعی احکام** اور ❋.. شیخِ طریقت امیرِ اہلسنت دَامَت بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا رسالہ **کالے بچھو** پڑھ لیجئے!

## سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دُعا

### نیند سے بیدار ہوتے وقت کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ

**ترجمہ:** تمام تعریفیں اللہ پاک کے لئے جس نے ہمیں موت (نیند) کے بعد حیات (بیداری) عطا فرمائی اور ہمیں اسی کی طرف لوٹنا ہے۔[2]

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1) اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2) پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3) ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4) رات میں سُوْرَۃُ

---

1 ...کالے بچھو، صفحہ:1۔

2 ...بخاری، کتاب الدعوات، باب وَضعِ الیَدِ الیُمنٰی...الخ، صفحہ:1560، حدیث:6314، مدنی پنج سورۃ، صفحہ:203۔

اُلْمُلْک پڑھ یا سن لی؟(5) ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُوْرَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟(6) کنزُالایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟(7) شجرے کے اوراد پڑھے؟(8) 313بار دُرُود شریف پڑھے؟(9) آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟(10) کانوں کو گناہوں سے بچایا؟(11) فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟(12) 12منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟(13) اذان و اقامت کا جواب دیا؟(14) غصے کا علاج کیا؟(15) اپنا جائزہ کیا؟(16) اپنے نگران کی اطاعت کی؟(17) آپ اور جی کہہ کر بات کی؟(18) مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟(19) عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟(20) دو گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟(21) فجر کے لئے جگایا؟(22) دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟(23) گھر درس ہوا؟(24) مسجد درس دیا یا سُنا؟(25) سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟(26) زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟(27) ایک مشت داڑھی ہے؟(28) گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟(29) سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟(30) مسلمانوں کو سلام کیا؟(31) کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟(32) ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟(33) تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟(34) اَوّابِین یا اِشْراق و چاشت پڑھیں؟(35) عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟(36) 12دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37) دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟(38) جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟(39) کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40) ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41) وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42) عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43) صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44) مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45) بعد فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46) کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟(47) چوک درس دیا یا سنا؟(48) والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟(49) اِسْراف سے بچے؟(50) ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51) تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52) زبان کے گناہوں سے بچے؟(53) فضول باتوں سے بچے؟(54) مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55) عمامہ شریف باندھا؟(56) ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57) اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58) ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59) ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60) یومِ تعطیل اِعْتِکاف کیا؟(61) مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62) ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63) ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64) علاقائی دورہ کیا؟(65) پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟